نئی بلندیوں کی جانب گامزن کے الیکٹرک نے ایک گیگا واٹ قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے لیے چائنا تھری گورجز ساؤتھ ایشیا انویسٹمنٹ لمیٹڈ کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کردیے

اسلام آباد، 6 فروری 2023: کے الیکٹرک اپنے 3.4 ملین سے زائد صارفین سمیت دیگر پاکستانی عوام کو صاف، سستی اور پائیدار توانائی کی فراہمی کے لیے پُرعزم ہے۔ اس سلسلے میں کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) سید مونس عبداللہ علوی اور چائنا تھری گورجز ساؤتھ ایشیا انویسٹمنٹ لمیٹڈ (CTGSAIL) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) وانگ منشینگ نے آزاد جموں و کشمیر سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے لیے مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں۔ دونوں کمپنیاں کے الیکٹرک کے نیٹ ورک میں بڑے گرڈ ز پر بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم کی تنصیب کے لیے حکمت عملی بنائیں گی۔

چائنا تھری گورجز ساؤتھ ایشیا انویسٹمنٹ لمیٹڈ (CTGSAIL) چائنا تھری گورجز انٹرنیشنل کارپوریشن (CTGI) کا ذیلی ادارہ ہے، جو چائنا تھری گورجز کارپوریشن (CTG) کا بین الاقوامی تجارتی پلیٹ فارم ہے۔ یہ ادارہ 40 سے زائد ممالک میں صاف توانائی کے منصوبوں پر سرمایہ کاری، ترقی اور آپریشن پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ CTGSAIL پاکستان میں 2.6 گیگا واٹ کے پیداواری منصوبے ہیں، جن کی مالیت 6 ارب امریکی ڈالرز سے زائد ہے اور وہ ایشیا، مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ کی ابھرتی ہوئی مارکیٹوں میں ہائیڈل، ونڈ، سولر اور پی وی پاور منصوبوں پر بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کررہی ہے۔

مفاہمت کی یادداشت پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کے الیکٹرک کے سی ای او مونس علوی نے کہا کہ یہ ایم او یو کراچی اور اس کے صارفین کے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ملکی جنریشن مکس میں صاف، پائیدار اور سستی توانائی کا حصہ بڑھانے کے مقصد کے حصول کے لیے ہم مثبت اور فعال کردار ادا کرنے کے لیے پُرعزم ہیں اور اس کے لیے عالمی سطح کی کمپنی CTGSAIL سے شراکت داری پر ہم پُرجوش ہیں۔ ان کا عالمی تجربہ ہماری کاوشوں میں تیزی لانے میں معاون ثابت ہوگا، جن کے ساتھ ہم مستقبل میں کام کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی نئی بات نہیں رہی۔ موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے اب ایکشن لینے کا وقت ہے۔ جنریشن مکس میں قابل تجدید توانائی کی شمولیت ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے میں ہمارے صارفین کے لیے معاون و مددگار ثابت ہوگا۔

CTGSAIL کے سی ای او وانگ منشینگ نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ صاف توانائی، بہتر پاکستان کی جانب CTGSAIL کا ایک اور قدم ہے۔ CTGSAIL نے "بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو" کے فلسفے کے مطابق جدت، انضمام، باہمی ترقی اور مقامی مہارتوں کی شمولیت کے ذریعے کے الیکٹرک کے ساتھ کم لاگت، صاف توانائی سلوشنز کی فراہمی کے لیے نئی منصوبہ بندی کی ہے، جو تمام ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے معاشی ترقی کی بنیاد ہے۔ گرین انرجی نہ صرف موسمیاتی تبدیلی کے مسئلے سے نمٹنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے بلکہ لاگت میں کمی سے صنعتی صارفین کو مسابقتی فوائد بھی فراہم کرتی ہے۔ پاکستان میں حالیہ سیلابوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم پختہ یقین رکھتے ہیں کہ ملک کے انرجی مکس میں قابل تجدید توانائی کے ذرائع میں اضافہ وقت کی ضرورت ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ شراکت داری دونوں اداروں کے لیے مفید ثابت ہوگی اور پاکستان میں قابل تجدید توانائی کے منصوبوں پر اس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔

اس موقع پر کے ای کی چیف مارکیٹنگ اینڈ کمیونی کیشن آفیسر سعدیہ دادا، ہیڈ آف بزنس ڈویلپمنٹ مدثر زبیری سمیت سینئر ایڈوائزر این اے زبیری، ڈپٹی جنرل منیجر پروجیکٹ ڈویلپمنٹ مصطفیٰ عمر ریاض کے ساتھ دونوں اداروں کے دیگر CTGSAIL سینئر ممبران بھی موجود تھے۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔